34762- حدیث میں ہے کہ :(جس نے ایک دن اعتکاف کیا۔۔۔)ایک دن کا اعتکاف کب شروع ہوگا

سوال

مندرجہ ذیل کس نے روایت کی ہے ؟
(جس نے بھی اللہ تعالی کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے ایک دن کا اعتکاف کیا اللہ تعالی اس کے اور آگ کے مابین تین خندقوں کی دوری پیدا کردے گا ، ہر خندق دور ہے جتناکہ دونوں خافقوں کے مابین ہے)۔
اس حدیث کا درجہ صحت کیا ہے ؟ اوراگر کوئی شخص ایک دن کا اعتکاف کرنا چاہے تووہ اعتکاف کب شروع کرے اور ختم کب کرے گا ، اوراسی طرح اگر وہ دودن اعتکاف کرنا چاہے توپھر کب شروع اورکب ختم ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

مندرجہ بالاحدیث ضعیف ہے ، ایک دن کا اعتکاف نماز فجر کے بعد شروع ہوگا اوراس کی انتہاء غروب شمس پر ہوگی ، اوراسی طرح دو دن بھی ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔۔